سوال

(564)امامت وخطابت کی اجرت متعین کر کے لینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسئلہ یہ ہے کہ کیا امامت ،خطابت ،تدریس قرآن ، نماز تراویح میں قرآن سنانا ، قرآنی دم اور قرآنی تعویز کی اجرت متعین کر کے لینا اس کا شرع میں کیا حکم ہے بالدلائل جواب دیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری جلد دوم کتاب الطب باب الشرط فی الرقیۃ بقطیع من الغنم صفحہ ۸۵۴ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کے آخر میں ہے :

«فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْھُمْ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ عَلٰی شَاءٍ فَبَرَأَ فَجَاءَ بِالشَّاءِ إِلٰی أَصْحَابِہِ فَکَرِھُوْا ذٰلِکَ وَقَالُوْا أَخَذْتَ عَلٰی کِتَابِ ا ِ أَجْرًا حَتّٰی قَدِمُوْا الْمَدِیْنَةَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ ا ِ اَخَذَ عَلٰی کِتَابِ ا ِ أَجْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ ا ِ إِنَّ أَحَقَّ مَا أَخَذْتُمْ عَلَيْہِ أَجْرًا کِتَابُ ا ِ »

’’صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک آدمی گیا تو اس نے چند بکریوں کے عوض سورۃ الحمد پڑھ کر دم کیا وہ آدمی تندرست ہو گیا وہ بکریاں لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس آیا انہوں نے اس کو برا سمجھا اور کہا تو نے اللہ کی کتاب پر مزدوری لی ہے یہاں تک کہ وہ مدینہ آئے اور انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ اس نے اللہ کی کتاب پر مزدوری لی ہے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس پر مزدوری لینے کے تم سب سے زیادہ حق دار ہو وہ اللہ کی کتاب ہے ‘‘ اس حدیث سے ثابت ہوا اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن مجید پر اجرت لینا درست ہے خواہ دم کی صورت ہو خواہ تعلیم کی خواہ نماز وغیرہ میں سنانے کی ایسی صورت نہ ہو جہاں ویسے بھی قرآن پڑھنا شرع سے ثابت نہ ہو جیسے قبر پر قرآن پڑھنا درست نہیں کیونکہ آپ ﷺ کے لفظ إِنَّ أَحَقَّ الخ کلام مستقل اور عام ہیں

«وَالْعِبْرَةُ بِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لاَ بِخُصُوْصِ السَّبَبِ اِلاَّ اَنْ یَّمْنَعَ مِنَ الْعُمُوْمِ مَانِعٌ»

’’اعتبار لفظوں کے عموم کا ہو گا نہ کہ سبب کے خصوص کا مگر یہ کہ عموم سے کوئی چیز مانع ہو ‘‘

رہے قرآنی اور غیر قرآنی تعویذ تو وہ رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہی نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل

خرید وفروخت کے مسائل ج1ص391

محدث فتویٰ